# اسرارِ خودی کی تصنیف۔محرک اور مقصد

ڈاکٹر طاہر حمید تنولی

علامہ محمد اقبال کی زندگی میں ۱۹۱۱ء سے ۱۹۱۳ء تک کا زمانہ ذہنی کشمکش، اضطراب اور غیر معمولی غور و فکر کا زمانہ ہے۔ کیونکہ یہ وہ وقت تھا جب مسلمانان برصغیر ہر لحاظ سے زوال، زیردستی اور کمزوری کا شکار تھے۔ زوال بایں معنی کہ دینی طبقات ہوں یا دنیاوی اور سیاسی دونوں سطحوں پر مسلمانوں میں عزت اور تمکنت کے کوئی آثار موجود نہیں تھے۔ انگریزوں کی خوشنودی کا حصول اور حالات کے ساتھ سازگاری اُس دور کے امراء اور مقتدر لوگوں کی آخری منزل تھی، جس کی ایک نظیر ۱۹۰۶ء میں مسلم لیگ کے قیام کے وقت اُس کے اعلان کردہ مقاصد تھے۔ یہی صورت حال دینی حلقوں کی تھی۔ جب کہ قومی سطح پر مسلمانوں کی بے وقعتی کا اندازہ ۱۹۱۱ء میں انگریزوں کی طرف سے تقسیم بنگال کی منسوخی سے ہوتا ہے۔ اگر ۱۹۰۸ء سے ۱۹۱۳ء تک علامہ کے لکھے گئے اشعار کا جائزہ لیا جائے تو اُن میں بھی قوم کی پستی اور بدحالی پر مرثیہ خوانی کا لہجہ غالب نظر آتا ہے۔ لیکن اپنے معاصر اہل علم میں علامہ کا امتیاز یہ تھا کہ وہ ان ناگفتہ بہ حالات کی مرثیہ خوانی پر ہی نہیں رکے بلکہ یہ غور و فکر بھی کرتے رہے کہ مسلمانوں کے لیے کیا ایسا لائحہ عمل ہو جس سے وہ اِن حالات سے چھٹکارا پا سکیں۔

یہ مسلمانان ہند کی خوش نصیبی تھی کہ باوجود مشرق اور مغرب کے فلسفے کے شناور ہونے کے علامہ کبھی بھی قرآن حکیم سے لاتعلق نہیں رہے۔ قرآن حکیم کی روشنی اور وہ دینی تربیت جو علامہ نے اپنے والدین اور اساتذہ سے پائی تھی، اُن کے غور و فکر کا حصہ رہی یا یہ کہنا چاہیے کہ یہ دو عناصر علامہ کے غور و فکر کے عمل میں ہمیشہ کارفرما رہے۔ اس دور میں بے عملی وہ بنیادی مسئلہ تھا جس نے مسلمانوں کے وجود کو ہر لحاظ سے بے وقعت بنا دیا تھا۔ جب علامہ نے اِس کے اسباب کا کھوج لگایا تو وہ اِس نتیجے پر پہنچے کہ دین کی سطحی تعبیر اور تصوف کے بنیادی تصورات کی من مانی توجیہ نے مسلمانان ہند کو اپنی ہستی سے غافل کر دیا ہے۔ اُس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ اس ماحول میں رہتے ہوئے تصوف کے نام پر ایسی روحانی اور عملی روش اختیار کر چکے ہیں جس کا

قرآن کریم کی تعلیمات کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ علامہ نے خود ایک موقع پر فرمایا:

ہندو حکماء خصوصاً شری شنکر اچاریہ نے مسئلہ وحدت الوجود کے اثبات میں دماغ کو اپنا مخاطب بنایا، مگر ایرانی شعراء نے اِس مسئلہ کی تفسیر میں زیادہ خطرناک طریقہ اختیار کیا، یعنی اُنھوں نے دل کو اپنی توجہ کا مرکز بنایا، ایرانیوں کی دل کش نکتہ آفرینیوں کا نتیجہ انجام کار یہ نکلا کہ اِس مسئلہ نے عوام تک پہنچ کر تمام اسلامی قوم کو ذوقِ عمل سے محروم کر دیا۔[۱]

اِن حالات میں جب علامہ کے سامنے مسلمانوں کی سیاسی بے وقعتی، زوال و مغلوبیت اور بے عملی کے اسباب میں سرفہرست دینی اور روحانی روایت کی غلط تعبیر و تشریح جیسے عوامل تھے، اِن کے حل کے لیے علامہ کی نظر انھی سرچشموں پر تھی وہ جو ملت کے وجود کی اساس تھے۔ یہاں علامہ نے کسی مشرقی یا مغربی فلسفے سے رہنمائی لینے کے بجائے وہی نسخہ کیمیا ایک نئے انداز سے قوم کی بیداری کے لیے تجویز کیا جو نسخہ کیمیا اِس ملت کے لیے قابل قبول بھی ہو سکتا تھا اور اگر وہ اِس پہ عمل کرے تو کارگر بھی۔

علامہ نے ۱۸ اکتوبر ۱۹۱۵ء کو اسرار خودی کی اولیں اشاعت سے کم و بیش چھ ماہ بعد اکبر الہ آبادی کے نام ایک خط میں لکھا کہ مذہب بغیر ایک قوت کے محض فلسفہ ہے۔ یہ نہایت صحیح مسئلہ ہے اور حقیقت میں مثنوی لکھنے کا یہی خیال محرک ہوا، میں گزشتہ دس سال سے اِسی پیچ و تاب میں ہوں۔[۲]

یعنی علامہ یہ چاہتے تھے کہ مسلمانانِ ہند دین پر کاربند ہوں، لیکن اُس انداز سے نہیں جس انداز سے مذہب اُن کے سامنے پیش کیا جا رہا تھا۔ اپنے شعر اور نثر میں علامہ نے بار بار اِس نکتے کی وضاحت کی۔ بالِ جبریل میں نے اُنھوں نے لکھا:

رشی کے فاقوں سے ٹوٹا نہ برہمن کا طلسم
عصا نہ ہو تو کلیمی ہے کارِ بے بنیاد[۳]

پاپس چہ باید کرد میں لکھا:

رائے بے قوت ہمہ مکر و فسوں
قوت بے رائے جہل است و جنوں[۴]

اپنے دس سالہ غور و فکر سے علامہ اِس نتیجے پر پہنچے کہ مسلمانوں کو مذہب اور تصوف کے اُس پہلو کی طرف متوجہ کیا جائے جو اُن میں قوت، بیداری اور غلبے کا احساس پیدا کرے۔ اِسی جذبے کے تحت علامہ نے اسرار خودی لکھی۔ ۲۰ جنوری ۱۹۱۸ء کو مہاراج سرکشن پرشاد کے نام ایک خط میں اُنھوں نے اپنے اِسی عزم کو بیان کرتے ہوئے لکھا:

میں نے دو سال کا عرصہ ہوا، تصوف کے بعض مسائل سے کسی قدر اختلاف کیا تھا اور وہ اختلاف ایک عرصے

سے صوفیاء اسلام میں چلا آتا ہے، کوئی نئی بات نہ تھی، مگر افسوس کہ بعض ناواقف لوگوں نے میرے مضامین کو تصوف کی دشمنی پر محمول کیا، میں نے اپنی پوزیشن اس لیے واضح کی کہ خواجہ صاحب نے مثنوی پر اعتراض کیے تھے، چونکہ میرا عقیدہ تھا اور ہے کہ اِس مثنوی کا پڑھنا، اس ملک کے لوگوں کے لیے مفید ہے اور اِس بات کا اندیشہ تھا کہ خواجہ صاحب کے مضامین کا اثر اچھا نہ ہوگا، اِس واسطے مجھے اپنی پوزیشن صاف کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔[۵]

علامہ نے مغرب کے فلسفے کو نہ صرف براہِ راست مغرب کے سرچشموں سے حاصل کیا بلکہ مغربی معاشرے کو بھی اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ وہ اِس کا مشاہدہ کر چکے تھے کہ مغرب کی اُفتادِ طبع فکری سے زیادہ عملی ہے، لہٰذا مغرب میں رائج ہونے والے ایسے تمام فلسفے جو وحدت الوجودی فکر کے حامل تھے اور جنھیں ریاضیاتی استدلال سے مضبوط کیا گیا تھا، وہ اپنے پورے سحر اور فکری تانے بانے کے موثر ہونے کے باوجود مغرب کو اپنی گرفت میں نہ لا سکے۔ بلکہ انجام کار اُن کا اثر زائل ہوگیا اور مغرب میں عمل کا رجحان غالب آیا جس سے نہ صرف علمی، فنی اور سائنسی میدان میں مغربی معاشرہ ترقی یافتہ معاشرہ بن گیا بلکہ دنیا بھر میں بھی اُن کا اقتدار قائم ہوا۔ رجحان کی اِس تبدیلی یا متداول فکر کو اپنی عملی اُفتادِ طبع کے مطابق ڈھالنے کی روش کو بیان کرنے کے لیے علامہ نے فاؤسٹ کے مکالمے کا ذکر کیا ہے، جہاں بائبل کی آیت میں کلام کے لفظ کو عمل سے بدل دیا گیا ہے، جب کہ برصغیر کے معاشرے میں یہ معاملہ بالکل اِس کے برعکس تھا۔ فلسفہ وحدت الوجود کے اثرات کے حوالے سے علامہ نے ہندوؤں اور مسلمانوں میں تاریخی مماثلت کا ذکر کیا اور شری شنکر اچاریہ کی گیتا کی وضاحت کو ویسا ہی عمل قرار دیا، جیسا کہ ابن عربی کی قرآن حکیم کی تفسیر اور اِس طرح ہندو معاشرہ جس بحران کا شکار ہوا تھا کہ اِس معاشرے نے تمام آلام سے نجات ترکِ عمل میں ڈھونڈی، یہی روش فلسفہ وحدت الوجود کے زیرِ اثر مسلمان معاشرے نے بھی اختیار کر لی۔ اگر ہم علامہ کی انا کی تعریف کو دیکھیں جس کا ذکر اُنھوں نے اسرارِ خودی کے دیباچے میں کیا ہے، تو اُس تعریف میں یہ سارا فکری پس منظر جھلکتا ہوا نظر آتا ہے۔ اِس تعریف کے مطابق علامہ نے انا یا خودی کی تعریف کرتے ہوئے لکھا کہ یہ وحدت وجدانی یا شعور کا وہ روشن نقطہ ہے، جس سے تمام انسانی تخیلات اور جذبات مستنیر ہوتے ہیں۔ یہ پراسرار شے جو فطرتِ انسانی کی منتشر اور غیر محدود کیفیتوں کی شیرازہ بند ہے، یہ خودی یا انا یا میں جو اپنے عمل کی رو سے ظاہر ہے لیکن اپنی حقیقت کی رو سے مضمر ہے، تمام مشاہدات کی خالق ہے۔[۶]

ہم دیکھتے ہیں کہ یہی تعریف علامہ کے شعری آثار میں بھی ملتی ہے۔ جیسا کہ اسرارِ خودی میں علامہ نے لکھا:

نقطۂ نورے کہ نام او خودی است
زیر خاک ما شرارِ زندگی است[۷]

اِس تعریف کو اصطلاح بنانے کے لیے اِسی دیباچے میں علامہ نے جو حوالہ دیا، وہ محسن تاثیر کا ایک شعر ہے۔ محسن تاثیر کی علمی، فنی حیثیت اور پس منظر اور اُس کے ساتھ علامہ کی وابستگی بھی اِس سبب اور احساس کی وضاحت کرتی ہے۔[۸]

علامہ اپنے تصورِ خودی کی وضاحت کرتے ہوئے پروفیسر بریڈلے کے اِس نقطہ نظر سے اختلاف کرتے ہیں کہ انسانی شخصیت یا افراد کی خودی ایسے محدود مراکز ہیں جن کی حیثیت محض شعور یا مظہر کی ہے اور وہ ایک مخصوص مرحلے کے بعد اپنی انفرادیت کو اُس وحدت پر پہنچ کر جو مطلق ہے مدغم کر دیتے ہیں اور ختم کر دیتے ہیں۔ اِس طرح بریڈلے کے خیالات کے مطابق انفرادی خودی فریب نظر اور اضافی قرار پاتی ہے۔ علامہ نے اِس نقطہ نظر کو رد کرتے ہوئے کہا کہ خودی کائنات کی بنیادی اور اساسی حقیقت ہے، یعنی خودی حق ہے اور حیات سر بسر انفرادی ہے۔ خدا بھی ایک فرد ہے لیکن وہ تمام افراد کائنات میں یکتا اور بے مثل ہے۔[۹]

اِس طرح کمال قطرے کا سمندر میں فنا ہونا نہیں ہے یا اپنی انا کو حیات مطلقہ یا انا مطلق میں فنا کرنا نہیں، بلکہ اثبات خودی، جس کی تعلیم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے فرمان مبارک تخلقوا باخلاق اللّٰہ، میں دی، یعنی خدا یکتا اور بے مثل ہے اور جو بھی اُس کی قربتوں میں جتنا آگے بڑھتا چلا جائے گا، وہ یکتا اور بے مثل ہوتا جائے گا۔ یعنی فرد اگر کامل ہے تو وہ کائنات میں مدغم نہیں ہوسکتا بلکہ ساری کائنات اُس میں گم ہوگی اور اِس طرح وہ کائنات پر متصرف ہوگا۔ یہاں علامہ نے خیر اور شر کی ایک نئے انداز سے تعریف کی کہ خیر وہ عمل ہے، جو ہماری خودی کو مستحکم کرے گا اور ہر وہ عمل جو اِسے ضعیف کرے وہ شر ہے، چاہے اُس عمل کا تعلق آرٹ سے ہو، مذہب سے ہو، اخلاقیات سے ہو یا فکر و فلسفہ کے کسی بھی پہلو اور میدان سے ہو۔ اپنے تصورات کی وضاحت کے لیے علامہ نے جو اصطلاحات اختیار کیں یا جن پہلے سے موجود اصطلاحات کو نئی تعبیر دی اُن میں ایک اصطلاح عشق کی بھی ہے۔ اُن کے نزدیک خودی کی تربیت اور استحکام کا واحد ذریعہ عشق ہے اور اِس کے مفہوم کا دامن بہت وسیع ہے۔ اس کا مطلب ہے، خواہش جذب اور تسخیر۔ اُس کی اعلیٰ ترین شکل یہ ہے کہ خودی اپنے مقاصد اور اقدار کی تخلیق کرتی ہے اور پھر اُن کے حصول کے لیے سراپا عمل بن جاتی ہے۔[۱۰]

عشق کو تعمیر و تکمیل خودی کا ذریعہ تجویز کرنے کے بعد علامہ اسرار خودی میں جو لائحہ عمل بیان کرتے ہیں وہ وہی لائحہ عمل ہوسکتا ہے جو اُس مرد کامل کے ظہور کو ممکن بنائے جو خودی کا شعور بھی رکھتا ہو، عمل پر بھی قادر ہو اور اُن تمام منفی رجحانات کو مسترد کرتا ہو جن رجحانات کے رد عمل میں علامہ نے اسرار

خودی تصنیف کی۔ تاہم یہ امر علامہ کے فکری تسلسل کا مظہر ہے کہ اُنھوں نے وہ لائحہ عمل کسی مشرقی یا مغربی فلسفے سے نہیں بلکہ براہ راست قرآن حکیم سے اخذ کیا اور اُس کے تین مراحل بیان کیے۔ اطاعت، ضبطِ نفس اور نیابت الٰہی، یہ مراحل قرآن حکیم کی تعلیمات اور تصوف کی صدیوں کی زریں روایت سے ماخوذ ہیں۔ ان مراحل کے مطابق نیابت الٰہی ہی وہ منزل یا منصب ہے جس پر پہنچ کر اُس نائب حق کا ظہور ممکن ہوتا ہے جو اُن اوصاف سے متصف ہے، جن اوصاف کا حصول تعمیر خودی کا مقصود ہے۔[۱۱]

یہی وجہ ہے کہ علامہ نے یہ لائحہ عمل بیان کرتے ہوئے، اِس تصور کو بھی سراسر مسترد کر دیا کہ اُنھوں نے اپنی فکر نطشے یا کسی دوسرے مغربی فلسفی سے اخذ کی ہے۔[۱۲]

اسرار خودی کا انگریزی ترجمہ شائع ہونے کے بعد مغرب میں اُس پر جو ریویو لکھے گئے اور جس انداز سے اسرار خودی کے مضامین کا ترجمہ کیا گیا، اُس سے بہت سی غلط فہمیاں پیدا ہوئیں۔ اِن غلط فہمیوں کے ازالے کے لیے علامہ نے ڈاکٹر نکلسن کے نام ایک خط لکھا اور اُس خط میں اسرار خودی کے مفاہیم اور مضامین کے مغربی ماخذ کے تصور کو رد کیا اور اُس کے ساتھ ساتھ اِس بات کی وضاحت بھی کی کہ اسرار خودی کا پیغام اور مضامین مغربی سرچشموں سے نہیں، بلکہ اسلام کے سرچشموں سے ماخوذ ہے۔ اِس بات کا رد کرتے ہوئے کہ اقبال کا تصور انسان کامل کسی بھی طور سے نطشے کے نظریہ فوق البشر سے ماخوذ ہے، علامہ نے اِس خط میں لکھا کہ اُنھوں نے اسرار خودی کی اشاعت سے بیس سال پہلے انسان کامل کے تصور پر ایک مضمون لکھا تھا، جو انڈین اینٹی کویری میں شائع ہوا تھا[۱۳]، یعنی اقبال کے تصور خودی یا انسان کامل کے نظریہ کی اساس یا بنیادی خشت اول اُس مضمون کو قرار دیا جا سکتا ہے، جس کی توضیحی صورت بعد میں اقبال کے شعری اور نثری افکار کی صورت میں سامنے آتی رہی، جس کی تائید نکلسن کے نام اِسی خط میں علامہ کے اِس جملے سے ہوتی ہے کہ اُنھوں نے اِسی مضمون کو بعد ازاں ۱۹۰۸ء میں فلسفہ عجم پر لکھے جانے والے اپنے ڈاکٹریٹ کے مقالے میں ضم کر دیا۔[۱۴]

یہاں ایک اور نکتہ بڑا اہم ہے کہ اقبال نے نطشے کا رد کرتے ہوئے جب اپنی بات کو اہل مغرب کے لیے قابل فہم بنانا چاہا تو اُن مغربی فلسفیوں کی تعریف کی جو اقبال کی فکری تائید کرتے تھے اور اہل مغرب کو یہ تجویز دی کہ وہ اُن کے فلسفہ خودی کو سمجھنے کے لیے جرمن فلاسفر نطشے کے بجائے انگریز فلاسفر ڈاکٹر الیگزینڈر[۱۵] اور پروفیسر میکنزی کی تحریروں کو پیش نظر رکھیں۔ علامہ نے یہاں بطور خاص ڈاکٹر الیگزینڈر کے گلاسگو لیکچرز کا ذکر کیا جو Space, Time and Deity کے عنوان سے شائع ہوئے۔ گو علامہ نے ڈاکٹر الیگزینڈر کے خیالات سے کلیتاً اتفاق نہیں کیا کہ اُس کے اِس تصور کہ حقیقت منتظر، خدائے ممکن الوجود کی صورت میں عن قریب ظاہر ہوگی کا رد کرتے ہوئے، علامہ نے کہا کہ ایسا ہرگز نہیں بلکہ وہ حقیقت منتظر ایک

اعلیٰ اور برترین قسم کے انسان کی صورت میں رونما ہو گی اور مزید براں الیگزینڈر کے اِس خیال کہ الوہیت کی ماہیت کا علم حاصل کرنا صرف اِسی صورت میں ممکن ہے کہ ہم خود خدا بن جائیں کے مقابل علامہ نے فرمایا کہ الیگزینڈر کے افکار میرے عقائد کے نسبت زیادہ جسارت آمیز ہیں۔ میرا عقیدہ تو یہ ہے کہ کائنات میں شانِ الٰہی جلوہ گر ہے۔ یعنی اِن اختلافات کے باوجود علامہ نے اُس مماثلت کا ذکر کیا، جو اُن کے تصور خودی اور الیگزینڈر کے خیالات میں موجود ہے اور اہلِ مغرب کو یہ مشورہ دیا کہ وہ اُن کے فلسفہ خودی کو سمجھنے کے لیے نطشے کے نظریہ فوق البشر کے بجائے اِن خیالات کو پیشِ نظر رکھیں۔

اور پھر مسٹر ڈکنسن کے اِس اعتراض کہ علامہ قوت کی بات کرتے ہیں، سخت کوشی کا فلسفہ پیش کرتے ہیں، حالانکہ جنگ و جدل ہر صورت میں انسانیت کے لیے تباہی لے کر آئی ہے، علامہ پروفیسر میکنزی[۱۶] (Prof. Mackenzie) کی تصنیف مقدمہ فلسفہ معاشرت *(Introduction to Social Philosophy)* کا حوالہ دیتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ تاریخ انسانی اِس امر کی گواہ ہے کہ معاہدے، میثاق، صلح نامے، کانفرنسیں اور ہر طرح کے تہذیبی طور طریقے انسانیت کو جنگ و جدل سے نجات دلانے میں ناکام رہے ہیں۔

لہٰذا انسانیت کو اگر امن سے آشنا کرنا ہے تو اُس کی ایک ہی صورت ہے کہ ہمیں ایک ایسی شخصیت کی ضرورت ہے جو ہمارے سیاسی، معاشی اور معاشرتی مسائل کا صحیح حل پیش کر سکے اور ہمارے تمام جھگڑوں کا عادلانہ فیصلہ کر سکے اور بین الاقوامی اخلاق کو ایک مستحکم تر بنیاد پر قائم کر سکے۔ یعنی اجتماعی سطح پر فلسفہ خودی کی اصطلاح کی جو صورت علامہ پیش کر رہے ہیں اُس کی تائید اُنھوں نے مغربی مفکر پروفیسر میکنزی کی تحریروں سے نکلسن کے نام اِس خط میں فراہم کی ہے۔[۱۷]

نطشے کے خیالات سے اختلافات کے پہلوؤں کو بیان کرتے ہوئے جس چیز پر علامہ نے بہت زور دیا وہ یہ ہے کہ نطشے بقائے شخصی کا منکر ہے، چنانچہ وہ بقائے شخصی کے قائلین کو موردِ تنقید ٹھہراتے ہوئے کہتا ہے کہ تم دوشِ زمانہ پر ایک دائمی بار کی صورت میں باقی رہنا چاہتے ہو۔ علامہ فرماتے ہیں نطشے کا یہ بیان غلط فہمی پر مبنی ہے۔ بلکہ میں تو بقائے شخصی کو انسان کی ایسی بلند ترین آرزو سمجھتا ہوں جس کے لیے اُسے انتہائی درجے کی جدوجہد کرنی چاہیے اور اِس لیے میں ہر قسم کی حرکت اور جدوجہد بلکہ عمل کی تمام صورتوں کو جن میں کشمکش، تصادم اور آویزش باہمی شامل ہے، استحکام خودی کے لیے لازمی اور ناگزیر سمجھتا ہوں۔[۱۸]

اہلِ مغرب نے جہاں اقبال کے فلسفہ خودی کو نطشے کے نظریہ فوق البشر سے جوڑنے کی کوشش کی وہیں علامہ کو اسلام سے وابستہ ہونے کے ناطے مقامی اور محدود ہونے کا طعنہ بھی دیا۔ اِس کا رد کرتے ہوئے علامہ نے فرمایا: کہ میں اسرار خودی یا اپنی دیگر تصانیف سے قطعاً اسلام کی وکالت نہیں کر رہا، بلکہ

میرے پیشِ نظر Universal Social Reconstruction ہے، مگر Universal Social Reconstruction کے لیے جن اعلیٰ ترین اقدار کی ضرورت ہے اور جن اقدار کی بنیاد پر دنیا کو ذات پات، دولت و مرتبہ اور رنگ و نسل کے امتیازات سے نجات دلائی جا سکتی ہے، وہ اقدار اور تعلیمات صرف اسلام سے ہی میسر ہیں، سواندریں حالات اتنے اعلیٰ تر مقصد کے حصول کے لیے اسلام اور اُس کی پیش کردہ اقدار کو نظر انداز کرنا قطعاً بھی کوئی دانش مندی کی بات نہ ہوگی، یہی سبب ہے کہ علامہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے افکار اور اپنے فلسفہ خودی کی اساس قرآن حکیم اور اُس کی تعلیمات پہ رکھ رہا ہوں۔

اِس مغالطے کو دور کرنے کے لیے کہ علامہ کا فلسفہ خودی کسی طور بھی مغربی افکار سے ماخوذ نہیں ہے، علامہ بار دیگر نکلسن کے نام خط میں اِس چیز کی وضاحت کرتے ہیں، کہ اگر اُنھوں نے یہاں ڈاکٹر الیگزینڈر یا پروفیسر میکنزی یا دیگر مغربی مفکرین کا کوئی حوالہ دیا، تو وہ صرف اِس غرض سے کہ انگلستان کے اہل علم اُن کے افکار کو سمجھ سکیں، وگرنہ حقیقی استدلال جس پر اُنھوں نے اپنے افکار کی اساس رکھی ہے وہ قرآن حکیم، صوفیہ کرام اور مسلمان اہل حکمت ہیں اور اسرار خودی کے پہلے ایڈیشن کے ساتھ اردو میں لکھے گئے دیباچے میں بھی علامہ نے اِسی استدلال کو استعمال کیا تھا۔ یہاں اِس خط کے آخری پیراگراف کا ذکر بہت ضروری ہے، جو علامہ کے اِس موقف کی بلفظ خود توضیح اور تشریح کرتا ہے:

> میں دعویٰ کے ساتھ کہتا ہوں کہ اسرار خودی کا فلسفہ تمام تر مسلمان صوفیاء اور حکماء کے مشاہدات و افکار سے ماخوذ ہے۔ اور تو اور، وقت یا زمانہ کے متعلق برگساں نے جو تشریحات پیش کی ہیں وہ ہمارے صوفیاء کے لیے کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ یہ باتیں تصوف کی مستند کتابوں میں مختلف انداز سے بیان ہو چکی ہیں۔ قرآن مجید اگرچہ فلسفہ یا الٰہیات کی کتاب نہیں ہے تاہم حیاتِ انسانی کے مقصد اور ارتقاء سے متعلق اس میں بھی واضح اور متعین ہدایات موجود ہیں۔ جن کو پوری قطعیت کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ اور ان کا مبنی بالآخر بعض اصول حکمت ہی ہیں۔ اگر موجود زمانہ میں کوئی تعلیم یافتہ شخص خصوصاً فلسفہ کا متعلم مسلمان ان مسائل کو جن کا مبداء اور سرچشمہ قرآن حکیم ہے مذہبی تجربات اور افکار کی روشنی میں بیان کرے، تو اس پر ''پرانی بوتلوں میں نئی شراب بھر کر پیش کرنے'' کا الزام عائد کرنا، جیسا کہ مسٹر ڈکنسن نے کیا ہے کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتا۔ میں نے جدید افکار کو قدیم لباس میں پیش نہیں کیا ہے، بلکہ پرانے حقایق کو جدید افکار کی روشنی میں بیان کیا ہے۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ اہل مغرب اسلام اور اسلامی فلسفہ سے ناآشنائے محض ہیں۔ کاش مجھے اس مبحث پر ایک ضخیم کتاب لکھنے کی فرصت ہوتی تو میں مغرب کے حکماء کو اس حقیقت سے آگاہ کرسکتا کہ ہمارے اور ان کے فلسفیانہ افکار ایک دوسرے سے کس قدر مشابہ ہیں۔ [۱۹]

اس پس منظر کے ساتھ علامہ نے مسلمانان برصغیر کے لیے راہ نجات اثبات ذات، تعمیر خودی اور انفرادی و اجتماعی کردار کی بحالی میں دیکھی۔ جس کے لیے انھوں نے طویل غور و فکر کے بعد اپنا فلسفہ خودی

پیش کیا۔ جب علامہ ملت اسلامیہ کے لیے تعمیر خودی کا لائحہ عمل ترتیب دے رہے تھے تو قرآن حکیم، سیرت نبوی، تاریخ اسلام اور تصوف کی روایت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کے سامنے اس کے لیے دو راستے تھے: اخلاقی اور استدلالی[۲۰]۔ مگر علامہ نے خالصتاً اخلاقی طریق کا راختیار کرنے کی بجائے استدلالی طریق کو ترجیح دی۔ اس کا سبب اپنے علمی پس منظر کے باعث ان کی افتادِ طبع تھی یا اس دور میں دین کو درپیش وہ چیلنجز جن کا انھیں بخوبی ادراک تھا اور وہ ان کا موثر جواب بھی دینا چاہتے تھے۔[۲۱] استدلالی انداز سے علامہ نے جس طرح اپنا فلسفہ خودی پیش کیا اس ان مراحل کے تحت سمجھا جا سکتا ہے: تصورِ خودی، خودی کی اصل جہاں سے خودی کا صدور ہوتا ہے، خودی کا فرد، اسکے شعور اور فکر سے تعلق، خودی کے فکر وشعور سے تعلق کی بنیاد پر تصوف کے طریق عشق سے فرد کی تربیت اور مردِ کامل کا ظہور۔ اب ہم ان مراحل کی تفصیل بیان کرتے ہیں۔

۱

خودی کا مفہوم علامہ نے اپنی ایک نظم 'فوارہ' میں یوں بیان کیا ہے:

یہ آبجو کی روانی، یہ ہمکناریِ خاک
مری نگاہ میں ناخُوب ہے یہ نظّارہ
اُدھر نہ دیکھ ، اِدھر دیکھ اے جوانِ عزیز
بلند زورِ درُوں سے ہُوا ہے فوّارہ[۲۲]

جب علامہ نے اس تصور کو انسان کے اثبات کے لیے استعمال کیا تو کہیں تو علامہ نے انسان کے کردار کو حقیقت قرار دیا اور اس کے وجود کا اثبات کیا ہے:

مجھ کو بھی نظر آتی ہے یہ بوقلمونی
وہ چاند، یہ تارا ہے، وہ پتھر ، یہ نگیں ہے
دیتی ہے مری چشمِ بصیرت بھی یہ فتویٰ
وہ کوہ ، یہ دریا ہے ، وہ گردُوں ، یہ زمیں ہے
حق بات کو لیکن میں چُھپا کر نہیں رکھتا
تُو ہے ، تجھے جو کچھ نظر آتا ہے ،نہیں ہے![۲۳]

اور کہیں اس کے وجود کو ہمارے ظاہری فہم وانداز سے ماوراء ہونے کو بیان کیا ہے:

طلسمِ بُود و عدم، جس کا نام ہے آدم
خدا کا راز ہے، قادر نہیں ہے جس پہ سخن

زمانہ صبحِ ازل سے رہا ہے محوِ سفر
مگر یہ اس کی تگ و دَو سے ہو سکا نہ کُہن
اگر نہ ہو تجھے اُلجھن تو کھول کر کہہ دوں
'وجُودِ حضرتِ انساں نہ رُوح ہے نہ بدن'! [۲۴]

۲

خودی کی اصل کیا ہے؟ علامہ خودی کی اصل خودی مطلق کو قرار دیتے ہیں:

خودی را از وجود حق وجودے
خودی را از نمود حق نمودے
نمی دانم کہ ایں تابندہ گوہر
کجا بودے اگر دریا نبودے [۲۵]

خودی کا وجود حق تعالیٰ کے وجود سے ہے، خودی کی نمود، حق (سچائی) کے اظہار سے ہے۔ میں نہیں جانتا کہ اگر دریا نہ ہوتا، تو (خودی کا) یہ تابدار گوہر کہاں ہوتا۔

یعنی خودی کا ظہور یا صدور مطلق خودی سے ہوا ہے:

ز آغاز خودی کس را خبر نیست
خودی در حلقۂ شام و سحر نیست
ز خضر این نکتۂ نادر شنیدم
کہ بحر از موج خود دیرینہ تر نیست [۲۶]

خودی کے آغاز کی کسی کو خبر نہیں، خودی شام وسحر کے حلقے میں نہیں سماتی، میں نے یہ نادر نکتہ خضر سے سنا ہے کہ بحر اپنی موج سے قدیم تر نہیں۔

من از رمزِ انا الحق باز گویم
دگر با ہند و ایراں راز گویم
مغے در حلقۂ دیر این سخن گفت
حیات از خود فریبے خورد و 'من' گفت
خدا خفت و وجود ما ز خوابش
وجود ما نمود ما ز خوابش [۲۷]

میں انا الحق کی رمز پھر سے بیان کرتا ہوں، ہند و ایران کے سامنے دوبارہ یہ راز کھولتا ہوں ایک پیر مغاں نے حلقۂ دیر میں یہ بات کہی کہ حیات نے اپنے آپ سے فریب کھایا اور ''میں'' کہا۔ گویا خدا نے خیال کیا ہمارا وجود اور نمود اس کے خیال سے ہے۔

انائے مطلق سے اناؤں کے صدور کا مطلب یہ ہے کہ خودی، خودی مطلق اور عدم سے وجود میں آتی ہے۔ مثلاً مربع موم سے مثلث موم کا وجود میں آنا۔ یہاں موم تو موم ہے مگر مثلث عدم سے وجود میں آتے ہیں، جن کا وجود خارج میں نہیں بلکہ صانع کے فکر میں تھا۔ اسے صوفیہ نے ام خلقوا من غیر شیء کے ذیل میں بیان کیا ہے۔ ابن مسکویہ کے مطابق عمل تخلیق دراصل سالمے کا قابل ادراک بن جانا ہے۔ [۲۸] چونکہ اناؤں کا صدور انائے مطلق سے ہوا ہے، یہی وجہ ہے کہ یہ عالم حقیقت مطلقہ کے مقابل ایک خیال ہونے کے باوجود خیال محض نہیں:

تو چشم بستی و گفتی کہ ایں جہاں خواب است
کشائے چشم کہ ایں خواب خوابِ بیداری است [۲۹]

تو نے اپنی آنکھ بند کر لی اور کہتا ہے کہ یہ جہان خواب ہے، آنکھ کھول، اگر یہ خواب ہے تو خواب بیداری ہے۔

## ۳

علامہ کے مطابق فرد کا وجود خودی اور خودی کا وجود شعور سے ہے۔ یعنی فکر اور خودی میں گہرا ربط موجود ہے۔ حتیٰ کہ روح اور فکر میں بھی معنوی مماثلت اور مناسبت کا رشتہ ہے۔ اس نکتے کی تائید میں علامہ نے مسلم مفکرین سے حوالے دیئے۔ علامہ نے لکھا کہ ابن مسکویہ کے مطابق روح کی ماہیت ہی یہ ہے کہ اس میں وقت واحد میں ہی مختلف اشیاء کا ادراک کرنے کی پوشیدہ قوت موجود ہے اور یہ بنیادی طور پر ادراک کی خصوصیت ہے، مختلف نفسی احوال بھی خود روح کے مختلف تغیرات ہیں۔ [۳۰]

ادراک بالعقل ہی کی طرح روح بعض ایسے قضایا کا تعقل کر سکتی ہے جن کو مواد حسی سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ مثلاً حواس اس قضیہ کا ادراک نہیں کر سکتے کہ نقیضین ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے۔ [۳۱]

غزالی نے بھی اس ربط کو بیان کیا ہے۔ غزالی کے مطابق روح اشیاء کا ادراک کرتی ہے۔ لیکن ادراک بہ حیثیت ایک عرض کے ایسے جوہر یا ذات میں قائم رہ سکتا ہے جو جسمانی صفات سے کلیۃً پاک ہو۔ [۳۲] علامہ گلشن راز جدید میں یہی سوال اٹھاتے ہیں کہ انسانی خودی کے حوالے سے فکر کی کیا حیثیت اور کردار ہے اور پھر اس کی وضاحت کرتے ہیں:

نخست از فکر خویشم در تحیّر
چہ چیز است آنکہ گویندش تفکّر
درون سینۂ آدم چہ نور است
چہ نور است این کہ غیب او حضور است

میں تو اپنی فکر کے بارے میں حیرت میں ہوں کہ جسے تفکر کہتے ہیں وہ کیا ہے؟ سینۂ آدم کے اندر یہ کیا نور ہے کہ اس کا غیاب بھی حضور ہے۔

من او را ثابتِ سیّار دیدم
من او را نور دیدم نار دیدم
گہے نارش ز برہان و دلیل است
گہے نورش ز جان جبرئیل است
بخاک آلودہ و پاک از مکان است
بہ بند روز و شب پاک از زمان است

میں نے اسے جامد بھی دیکھا ہے اور متحرک بھی، مجھے اس میں نور بھی نظر آیا ہے اور نار بھی۔ کبھی برہان و دلیل اس کی قوت بن جاتی ہے اور کبھی وہ جان جبرئیل (یعنی نور قرآنی) سے نور حاصل کرتا ہے۔ یہ مکانی ہونے کے باوجود لا مکانی ہے۔ یہ روز و شب کے بندھن میں گرفتار ہونے کے باوجود ماورائے زماں ہے۔

ہمیں دریا ہمیں چوب کلیم است
کہ از وے سینہ دریا دو نیم است
درون شیشۂ او روزگار است
ولی بر ما بتدریج آشکار است
حیات از وی بر اندازد کمندے
شود صیّاد ہر پست و بلندے

یہ دریا بھی ہے اور عصائے موسیٰ بھی، اسی سے سینۂ دریا دو نیم ہوتا ہے۔ فکر کے شیشہ کے اندر ساری کائنات ہے لیکن ہم پر اس کے راز بتدریج آشکار ہوتے ہیں۔ حیات فکر کی کمند پھینک کر ہر پست و بالا کا شکار کرتی ہے۔

دو عالم می شود روزے شکارش
فتد اندر کمند تابدارش

اگر ایں ہر دو عالم را بگیری
ہمہ آفاق میرد ، تو نمیری
منہ پا در بیابان طلب ست
نخستیں گیر آں عالم کہ در تست

ایک روز دونوں جہان فکر کے شکار ہوں گے اور اس کی کمند تابدار میں آ جائیں گے۔ اگر تو ان دونوں جہانوں کو اپنی گرفت میں لے آئے تو ساری کائنات مر جائے گی مگر تو موت سے آزاد رہے گا۔ بیابان طلب میں سست رفتاری سے نہ چل، پہلے اس عالم کو مسخر کر جو تیرے اندر ہے۔

اگر زیری ز خود گیری زبر شو
خدا خواہی بخود نزدیک تر شو
بہ تسخیر خود افتادی اگر طاق
ترا آساں شود تسخیر آفاق [۳۳]

اگر تو کمزور ہے تو تسخیرِ نفس سے زبردست ہو جا، اگر تو اللہ تعالیٰ کا قرب چاہتا ہے تو پہلے اپنے قریب ہو۔ اگر تو اپنی تسخیر میں کامیاب ہو جائے تو تیرے لیے تسخیر آفاق آسان ہو جائے گی۔

چہ بحر است این کہ علمش ساحل آمد
ز قعر او چہ گوھر حاصل آمد

وہ سمندر کیا ہے کہ جس کا ساحل علم ہے۔ اس کی تہہ سے کون سا گوہر میسر آتا ہے؟

حیات پر نفس بحر روانے
شعور آگہے او را کرانے
مپرس از موجہائے بیقرارش
کہ ہر موجش بروں جست از کنارش
ہر آں چیزے کہ آید در حضورش
منوّر گردد از فیض شعورش

حیات انسانی بحرِ رواں ہے اور شعور و آگہی اس کا کنارا ہے۔ اس کی بے قرار موجوں کی بات نہ کر ہر موج کنارے سے باہر نکلی پڑتی ہے۔ جو چیز اس کے سامنے آتی ہے وہ اس کے شعور سے فیضیاب اور منور ہو جاتی ہے۔

شعورش با جہان نزدیک تر کرد
جہان او را ز راز او خبر کرد

خرد بند نقاب از رخ کشودش
ولیکن نطق عریاں تر نمودش
نگنجد اندریں دیر مکافات
جہان او را مقامے از مقامات

اس کے شعور نے اسے کائنات سے نزدیک تر کر دیا پھر کائنات نے اسے اس کے راز کی خبر دی۔ خرد نے فطرت کے چہرے سے نقاب ہٹایا، لیکن نطق نے اسے اور زیادہ عریاں کر دیا۔ حیات اس عالم رنگ و بو میں نہیں سماتی، یہ جہان اس کے مقامات میں سے ایک مقام ہے۔

بروں از خویش می بینی جہاں را
در و دشت و یم و صحرا و کاں را
حدیث ناظر و منظور رازے است
دل ہر ذرّہ در عرض نیازے است
تو اے شاہد مرا مشہود گرداں
ز فیض یک نظر موجود گرداں

تو اس جہان اور اس کے بیابانوں، دریاؤں، صحراؤں، سمندروں اور کانوں کو اپنے سے باہر دیکھتا ہے۔ ناظر و منظور کی بات ایک راز ہے، ہر ذرے کا دل یہ عرض کر رہا ہے: 'اے شاہد! تو مجھے مشہود بنا، اپنی ایک نظر کے فیض سے مجھے موجود بنا۔'

کمال ذات شے موجود بودن
برائے شاہدے مشہود بودن
زوالش در حضور ما نبودن
منوّر از شعور ما نبودن
جہان غیر از تجلّی ہاے ما نیست
کہ بے ما جلوۂ نور و صدا نیست

کسی شے کی ذات کا کمال موجود ہونا ہے، یعنی یہ کہ کوئی شاہد اسے مشہود بنا دے۔ اور کسی شے کا زوال یہ ہے کہ وہ ہماری نظر میں نہ ہو اور ہمارے شعور سے منور نہ ہو۔ ہماری تجلیات کے بغیر جہان کچھ نہیں، ہمارے بغیر روشنی اور آواز کا کوئی اظہار نہیں۔

تو ہم از صحبتش یاری طلب کن

نگہ را از خم و پیچش ادب کن
''یقین میداں کہ شیرانِ شکاری
دریں رہ خواستند از مور یاری''
بیاری ہاے او از خود خبر گیر
تو جبریل امینی بال و پر گیر

تو بھی اس کی صحبت سے فائدہ اُٹھا اور اس کے خم و پیچ سے اپنی نگاہ کی تربیت کر۔ سمجھ لے کہ اس راہ میں شکاری شیر چیونٹی سے بھی مدد لے لیتے ہیں۔ تو اس کی دوستی سے خود آگہی حاصل کر تو جبرئیلؑ امیں (کی صفات کا مظہر) ہے، اپنے بال و پر کو فعال و کار آزما کر۔

بہ بسیارے کشا چشمِ خرد را
کہ دریابی تماشاے احد را
نصیب خود ز بوے پیرہن گیر
بہ کنعان نکہت از مصر و یمن گیر
خودی صیّاد و نخچیرش مہ و مہر
اسیر بند تدبیرش مہ و مہر
چو آتش خویش را اندر جہاں زن
شبیخوں بر مکان و لامکاں زن [۳۴]

چشمِ خرد سے کثرت کا تماشا کرتا کہ تو احد کا نظارہ کر سکے۔ پیرہن کی خوشبو سے اپنا حصہ لے، کنعاں میں رہتے ہوئے مصر سے آنے والی خوشبو پالے۔ خودی شکاری ہے مہ و مہر اس کا شکار ہیں، کائنات اس کی تدبیر کے بند میں اسیر ہے۔ تو آتش ہے، اپنے آپ کو جہان میں ڈال، (اور اس طرح) مکان و لامکاں پر تصرف حاصل کر۔

معتزلہ کے مطابق خدا کی فعلیت اس بات پر مشتمل ہے کہ وہ سالمہ کو قابل ادراک بنا دے۔ اسے علامہ نے خطبات میں یوں بیان کیا ہے:

This means that existence is a quality imposed on the atom by God.[35]

گویا سالمہ شے نہیں بلکہ عمل ہے۔ اشاعرہ کے مطابق بھی سالمہ مشیت ایزدی کا ایک گزرتا ہوا لمحہ ہے۔ [۳۶] یہاں ہمیں شیخ اشراق شہاب الدین سہروردی کے اس نکتہ کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ تمام موجودات کی انتہائی حقیقت نور قاہر ہے۔ [۳۷]

خودی و فکر کے تعلق اور پھر خودی کے ارتقا کے لیے فکر کے ارتقا کے تسلسل میں عمل تخلیق کا تذکرہ کرتا

ہے۔ علامہ کائنات کو شے نہیں بلکہ عمل قرار دیتے ہوئے ابن مسکویہ کے حوالے سے اس امر کی وضاحت کرتے ہیں کہ علت معلولات کو کس طرح پیدا کرتی ہے:

ابن مسکویہ کے مطابق جب علت مختلف معلولات کو پیدا کرتی ہے تو اس کی کثرت مندرجہ ذیل وجوہ میں سے کسی ایک پر مبنی ہو سکتی ہے: علت کی کئی قوتیں ہو سکتی ہیں مثلاً انسان۔ مختلف معلولات کو پیدا کرنے کے لیے علت مختلف طریقے استعمال کر سکتی ہے اور علت مختلف النوع مواد پر عمل و اثر کر سکتی ہے۔ [۳۸]

خودی اور فکر کے ربط کا سلسلہ کائنات کے وجود اور ارادہ الٰہی سے جا ملتا ہے۔ اشاعرہ کا ذکر کرتے ہوئے علامہ فرماتے ہیں کہ:

(the atom) of the Ash'arite is a fleeting moment of Divine Will.[39]

ارادہ الٰہی کے کائنات سے ربط، تصورِ حقیقت کی تفصیلات اور انسانی خودی کے ارتقا کے امکانات کو علامہ نے صوفیہ کی فکر کی روشنی میں بیان کیا۔ فکر اور خودی کے تعلق کی اس نوعیت کے باعث خودی کی ترقی و ارتقاء کی اساس فکر کی تربیت، ترقی اور ارتقا ہو گی۔ گلشن راز جدید میں علامہ فرماتے ہیں:

شب خود روشن از نور یقیں کن
ید بیضا بروں از آستیں کن
شرارے جستۂ گیر از درونم
کہ من مانند رومی گرم خونم
وگرنہ آتش از تہذیب نو گیر
بروں خود بیفروز ، اندروں میر [۴۰]

اپنی رات کو نورِ یقین سے روشن کر، اپنی آستین سے ید بیضا باہر نکال۔ میرے اندر سے اُٹھتے ہوئے شرارے کو لے لے، میں رومیؒ کی مانند گرم خون ہوں۔ اگر مجھ سے کچھ نہیں لیتا تو پھر تہذیب نو کی آتش لے لے، اور اس سے اپنا ظاہر چمکا اور اندر سے مر جا۔

## ۴

خودی کے ارتقا کے لیے تصوف کا منہج علامہ کے پیش نظر رہا۔ خودی کی اصطلاح استعمال کرتے ہوئے فطرت انسانی کے حوالے سے تصوف کا نقطہ نظر علامہ کے پیش نظر تھا:

تصوف کی قوت کا راز اس بات میں پوشیدہ ہے کہ فطرت انسانی کے متعلق اس کا نقطہ نظر بہت ہی جامع اور مکمل ہے اور اسی نقطہ نظر پر وہ مبنی بھی ہے۔ یہ راسخ العقیدہ لوگوں کے ظلم و تعدی اور سیاسی انقلابات میں صحیح و سلامت نکل آیا۔ کیونکہ یہ فطرت انسانی کے تمام پہلوؤں کو متاثر کرتا ہے۔ وہ اپنی دلچسپی کو ایسی زندگی پر مرتکز

کر دیتا ہے جو انکار خودی پر مشتمل ہے اور ساتھ ہی ساتھ آزاد خیالی کے میلان میں مزاحمت بھی نہیں کرتا۔[۴۱]

گو تصوف کے منفی اثرات اور پہلو بھی علامہ کے پیش نظر تھے:

عیسائی راہبوں کی مذہبی تصوریت نے ابتدائی اسلامی اولیاء کے اذہان پر بہت گہرا اثر ڈالا۔ دنیا سے ان کی بے تعلقی گو بذات خود بہت ہی دل کش ہے، لیکن میرے خیال میں یہ اسلامی روح کے بالکل منافی ہے۔[۴۲]

صوفیہ مثلاً نقشبندیہ نے ہندی ویدانتیوں کی تقلید میں تعلیم دی کہ جسم انسانی میں مختلف رنگوں کی روشنی کے چھ مراکز ہیں۔ صوفیہ مراقبوں کے ذریعے ان رنگوں کو متحرک کر کے ان کی ظاہری اثرات وتعدد سے بالآخر اس اساسی نور کو متحرک کرتے ہیں جو بے رنگ اور غیر مرئی ہے مگر اس کی وجہ سے ہر شے نظر آتی ہے۔ مختلف اسمائے الٰہی اور دیگر پر اسرار کلمات کے ورد سے جسم کے سالمات حرکت کے ایک متعین راستے پر پڑ جاتے ہیں اور اسی سے مراکز نور کی مماثلت کا تحقق ہوتا ہے جو صوفی کے پورے جسم کو منور کر دیتا ہے۔[۴۳]

(تصوف کے) مراقبوں کے ان طریقوں کی نوعیت بالکل غیر اسلامی ہے اور اعلیٰ درجے کے صوفیہ ان کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ علامہ نے تشکیل جدید میں حضرت مجدد الف ثانی کے نام عبدالمومن کے خط کی روشنی میں بھی وضاحت کی ہے۔[۴۴]

اقبال نے اسلامی فکر کے روایتی تصورات کو رد کیا، یا قبول کیا یا بہ ترمیم اختیار کیا۔ مثلاً ابن مسکویہ کے نظریہ ارتقاء کے حوالے سے علامہ کا موقف [۴۵] یا رومی کا تصور ارتقاء جس کا ذکر علامہ نے خطبات میں بھی کیا۔ اپنے مقالے میں اس کا ذکر کرتے ہوئے علامہ نے لکھا:

رومی نے ارتقاء کا جو تصور پیش کیا (اقلیم جماد۔ اقلیم نباتی۔ حیوان۔ انسان۔ عاقل ودانا) وہ جدید تصور ارتقا کی پیش گوئی ہے۔ اس کو وہ اپنی تصوریت کا ایسا پہلو سمجھتے ہیں جو حقیقت پر مبنی ہے۔[۴۶]

## ۵

علامہ فرماتے ہیں کہ انسانی خودی کی تربیت اور ارتقاء کے بارے میں تصوف جامع نقطہ نظر رکھتا ہے:

صوفیہ کا دعویٰ ہے کہ محض ارادہ یا عقل کو متبدل کر دینے سے طمانیت حاصل نہیں ہو سکتی۔ ہمیں چاہیے کہ احساس کی مکمل تبدیلی کے ذریعے عقل و ارادہ دونوں کو مبدل کر دیں۔ کیونکہ عقل و ارادہ محض دو مخصوص صورتیں ہیں احساس کی۔ فرد کے لیے اس کا یہ پیغام ہے کہ سب سے محبت کر دوسروں کی بہبودی میں اپنی شخصیت کو بھول جا۔[۴۷]

صوفیہ کے نزدیک روحانی تربیت کی چار منازل ہیں ایمان بالغیب، غیب کی جستجو، علم الغیب اور تحقیق جو اس وقت حاصل ہوتی ہے جب ہم اس کو اپنی روح کی گہرائیوں میں تلاش کرتے ہیں۔[۴۸]

اسی مضمون کو علامہ نے تشکیل جدید کے خطبہ ہفتم میں بھی بیان کیا ہے۔[۴۹] جس کمال صدق و یقین کا

تقاضا انسانی ذات کرتی ہے اس کا سامان بھی تصوف میں ہی ہے:

مقام شوق بے صدق و یقیں نیست
یقیں بے صحبت روح الامیں نیست
گر از صدق و یقیں داری نصیبے
قدم بیباک نہ کس در کمیں نیست [۵۰]

(محبت و) شوق کا مقام صدق و یقین کے بغیر نہیں ملتا، اور یقین جبرئیلؑ امیں کی صحبت کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ اگر تجھے صدق و یقین حاصل ہے، تو بے باکی سے قدم اُٹھا، کوئی دشمن تیری گھات میں نہیں ہوگا۔

علامہ تصوف کی عملی اہمیت کا تذکرہ غزالی کے حوالے سے کرتے ہیں:

غزالی نے علم الیقین کے تمام دعوے داروں کا امتحان لیا اور بالآخر تصوف میں اس علم الیقین کو پالیا[۵۱]۔۔۔ عقلیت جس کو صوفیہ نے 'پائے چوبیں' سے تعبیر کیا ہے آخری مرتبہ غزالی میں رونما ہوئی۔ جن کی بے چین روح نے عقلیت کے سنسان ریگ زار میں ایک مدت تک بھٹکنے کے بعد جذباتِ انسانی کی گہرائیوں میں سکون حاصل کیا۔ ان کی ارتیابیت کا مطمع نظر یہ تھا کہ ایک اعلیٰ مبداعلم کی ضرورت کو ثابت کیا جائے نہ کہ محض اسلامی علم الکلام کے عقائد کی حمایت۔ یہی وجہ تھی کہ اس زمانے کے تمام فکری میلانات پر تصوف کو فتح حاصل ہوئی۔[۵۲]

انسانی خودی کے ارتقا کے لیے جس مستند ذریعہ علم کی ضرورت ہے وہ بھی تصوف ہی فراہم کرتا ہے کیونکہ بالعموم ہمارا علم بہت ہی محدود اور ناقص ہے:

اشاعرہ کے نزدیک قوت کا تصور بے معنی ہے اور یہ کہ ہمیں صرف گریزیا ارتسامات کے سوا جن کی ترتیب کو خدا متعین کرتا ہے اور کسی چیز کا علم نہیں۔[۵۳]

جبکہ تصوف میں ذریعہ علم قلب ہے:

غزالی کے مطابق: مادی آنکھ ہستی مطلق یا نور حقیقی کے صرف خارجی مظہر کو دیکھ سکتی ہے۔ انسان کے دل میں ایک باطنی آنکھ بھی ہے۔ جو برخلاف مادی آنکھ کے اپنے آپ کو بھی اسی طرح دیکھ سکتی ہے جس طرح کہ دوسری اشیا کو یہ ایسی آنکھ ہے جو محدود سے آگے بڑھ کر مظاہر کا پردہ چاک کر دیتی ہے۔[۵۴]

اسلامی عقلیت کے ارتیابی میلانات نے بالآخر انھیں ایک ایسے مبداءِ علم کی طرف متوجہ ہونے پر مجبور کر دیا جو فوق العقل ہے۔ سب سے پہلے اس کا اثبات رسالہ قشیریہ میں کیا گیا۔ انیسویں صدی کے مشکک کے لیے ورڈز ورتھ نے ذہن کی اس پراسرار حالت کو منکشف کر دیا جس میں ہم بالکل روحانی ہستی بن کر اشیاء کی حیات کا راز معلوم کر لیتے ہیں۔[۵۵]

خودی کے ارتقا میں عشق کے کردار کو اقبال نے مرکزی قرار دیا۔ جس کے بغیر خودی کمال کو نہیں پا

سکتی۔ابن سینا کے مطابق عشق:

ابن سینا کے مطابق ''عشق'' کی تعریف یہ ہے کہ یہ حسن کی تحسین ہے۔کائنات کی انتہاء کمال کی طرف بڑھ رہی ہیں۔حصول نصب العین کی یہ کوشش گویا حسن کی طرف عشق کی حرکت ہے اور ابن سینا کے نزدیک کمال کے مماثل ہے۔صور کے مرئی نشو ونما کی تہہ میں عشق کی قوت پوشیدہ ہے جو ہر قسم کی حرکت، جدوجہد اور ترقی کی محرک ہے۔ [۵۶]

اور پھر عشق کی عمل آرائی اس طرح ہوتی ہے کہ:

ابن سینا کے مطابق عشق کی قوت میں اپنے آپ کو مرتکز کرنے کا میلان موجود ہے۔اقلیم نباتی میں اس کو اعلیٰ درجے کی وحدت یا مرکزیت حاصل ہوتی ہے۔ روح نباتی کے تمام وظائف، تغذیہ، نمو، باز آفرینی وغیرہ عشق ہی کے مختلف مظاہر ہیں۔تغذیہ کے معنی خارجی کو باطنی میں منتقل کر لینے کے ہیں۔اجزاء میں زیادہ سے زیادہ توافق پیدا کرنے کے شوق کو نمو کہتے ہیں اور باز آفرینی سے مراد توسیع نوع ہے جو عشق ہی کا ایک پہلو ہے۔ [۵۷]

ابن سینا کے مطابق تمام اشیا محبوب اول یعنی حسن ازل کی طرف بڑھ رہی ہیں۔کسی شے کی قدر و قیمت کا تعین اس اعتبار سے کیا جاتا ہے کہ اس کو انتہائی قوت سے کس قدر قرب یا بعد ہے۔ [۵۸]

عشق کا یہی تصور شیخ اشراق کے ہاں ملتا ہے:

شیخ الاشراق کے مطابق جوں جوں ہم اشیا کی ماہیت کو جاننے لگتے ہیں ہم عالم نور کے قریب ہونے لگتے ہیں اور اس عالم کا عشق ہم میں شدت کا اختیار کرتا جاتا ہے۔چونکہ محبت کے مدارج لامحدود ہیں روحانی ترقی کے مدارج بھی لامحدود ہیں۔محبت کے مدارج انا یعنی اپنی ذات کے عرفان سے 'تو' کے اثبات اور میں اور تو دونوں کی نفی تک محیط ہیں۔ [۵۹]

خودی کے ارتقا کے لیے فکر اور عشق کے مراحل و منازل کا تعین کہاں سے ہوگا؟ مذہب، فلسفہ یا آرٹ سے۔ہیگل کے بقول:

> Hegal regarded philosophy as a higher form of comprehension than art and religion. It is higher because its comprehension of the absolute is a conceptual one and this means that it is conscious of its own method and of the methods of art and religion.[60]

جبکہ اقبال نے یہاں فلسفہ کی بجائے مذہب کو ترجیح دی ہے [۶۱] اور اس کی وضاحت تشکیل جدید کے ساتویں خطبے کے آغاز سے بھی ہوتی ہے [۶۲]۔ علامہ جب خودی کے ارتقا کے لیے مذہب کی رہنمائی کو سرفہرست رکھتے ہیں تو اس سے ان کی مراد تصوف ہے۔علامہ نے تصوف کے اس کردار کو باندازِ تحسین بیان کیا:

اس مقالے میں میں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ تصوف ان مختلف عقلی و اخلاقی قوتوں کے باہمی

عمل و اثر کا لازمی نتیجہ ہے جو ایک خوابیدہ روح کو بیدار کر کے زندگی کے اعلیٰ ترین نصب العین کی طرف اس کی رہنمائی کرتی ہیں۔ [۶۳]

صوفیہ کے تصور حقیقت کو بیان کرتے ہوئے علامہ فرماتے ہیں:

صوفیہ نے حقیقت انتہائی کو تین طرح سے بیان کیا ہے، حقیقت بطور شاعر الذات ارادے کے، حقیقت بطور جمال کے اور حقیقت بطور فکر، نور یا علم کے۔ [۶۴]

علامہ فرماتے ہیں کہ حقیقت سے دوری ایک وہم اور فکری التباس ہے۔ اور اس نقطہ نظر کے حامی رومی ہیں:

